Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلحضرت حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۱۳ محرم الحرام سنہ ۱۳۵۳ھ مطابق ۲۸ اپریل سنہ ۱۹۳۴ء جلد ۶۲ ۲۰

حصہ اول

خلاصہ آرڈران کونسل ریاست رامپور و خلاصہ احکام اجلاس صاحب پریسیڈنٹ بہادر کونسل

(۱) تقرر اختر حسن خاں بعہدہ کیپٹن افسر فرسٹ رسالہ رضا انفنٹری	۲	(۱) اعلان امتحان انڈین پولیس سروس سنہ ۱۹۳۴ء بمقام [illegible]	۳
		(۲) قائمی سلسلہ ملازمت احمد الدین اہلمد	
		(۳) انتظام سلسلہ سبکدوشی بابو بہوگی لال تحصیلدار	۴

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

آرڈران کونسل ریاست رامپور

آرڈران کونسل :-

واقع ۱۶ اپریل سنہ ۱۹۳۴ء

کونسل کے اجلاس منعقدہ ۵ اپریل سنہ ۱۹۳۴ء میں طے پایا کہ حسب تجویز صاحب آرمی منسٹر بہادر لفٹنٹ کرنل عبد القدیر خاں کا نام بوجہ فوتی یکم اپریل سنہ ۱۹۳۴ء سے ملازمت سے خارج کیا جائے۔

(۲) سابق سکنڈ لفٹنٹ اختر حسن خاں کا تقرر بعہدہ کمپنی افسر فرسٹ رامپور انفنٹری میں از یکم اپریل سنہ ۱۹۳۴ء سے بموجب تجویز صاحب آرمی منسٹر بہادر بمشاہرہ پچاسی روپیہ ماہوار منظور ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ ہذا سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔
آرمی ہیڈکوارٹرز سے آرمی آرڈر جاری کیا جائے۔
ایک نقل درج گزٹ ہو۔

[illegible]

احکام اجلاس جناب پریذیڈنٹ دربار کونسل

اعلان

امتحان انڈین پولیس سروس سنہ ۱۹۳۴ء بمقام الہ آباد
۱۰ ستمبر سنہ ۱۹۳۴ء سے شروع ہوگا۔ ریاست ہذا کے
جو امیدوار شریک ہونا چاہیں۔ انکی درخواستیں ۲۰ مئی سنہ ۱۹۳۴ء
تک دارالانشاء میں موصول ہونا چاہئیں۔

حکم ہوا کہ

اس اعلان کی ایک نقل بغرض اندراج گزٹ جناب
ڈپٹی سکریٹری صاحب کے پاس مرسل ہو۔

[illegible]

۱۵ اپریل سنہ ۱۹۳۴ء

حکم :-

مورخہ ۱۶ اپریل سنہ ۱۹۳۴ء

بہ تحریر جناب بابو جی ہولڈ منشی بہادر
موسومہ جناب چیف منسٹر بہادر بابت دوبارہ صدور
حکم منظوری قائمی سلسلہ ملازمت آغا
احمدالدین احمد دفتر صاحب ہاؤس
ہولڈ منشی بہادر جو یکم اکتوبر سنہ ۱۹۳۱ء کو
تخفیفاً برخاست ہوکر بجگہ ۲۰ مئی سنہ ۱۹۳۲ء
دوبارہ ملازم ہوا ہے۔ دس ماہ چند یوم
ملازمت سے علیحدہ رہا۔

حکم

احمدالدین احمد کا سلسلہ ملازمت برقرار
رکھا جانا منظور ہے۔

ایام بیکاری کی تنخواہ نہیں ملیگی۔ بعد اجرائے
احکام کاغذات کونسل میں پیش ہوں۔

[illegible]

روبکار :-

مورخہ ۱۴ اپریل سنہ ۱۹۳۴ء

کاغذات ملاحظہ ہوئے۔ چونکہ بھوگی لال
تحصیلدار شاہ آباد کا تقرر اسپیشل مجسٹری کورٹ
وارڈس ضلع مراد آباد پر ہوگیا ہے۔ لہذا جناب چیف منسٹر
صاحب ریونیو منسٹر بہادر منشی بھوگی لال تحصیلدار شاہ آباد
کو خدمات سے سبکدوش کیا جاتا ہے۔ اور منشی
مسعود علیخان تحصیلدار بیرونجات شاہ آباد
کو باضافہ بیس روپیہ ماہوار تحصیلدار شاہ آباد مقرر
کیا جاتا ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

[illegible]